Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) حضرت ابوبکرؓ کے غلام ________ نے چمڑے کے ایک ٹکڑے پر سراقہ بن جعشم کو فرمانِ امن لکھ دیا۔

الف۔ حضرت زبیرؓ ب۔ حضرت عامر بن فہیرہؓ ج۔ حضرت ابوعبیدہؓ د۔ طفیل بن عمرو

(ii) ڈراما 'انارکلی' کے ڈراما نگار کا نام کیا ہے؟

الف۔ مرزا فرحت اللہ بیگ ب۔ شاہد احمد دہلوی ج۔ چراغ حسن حسرت د۔ سیّد امتیاز علی تاج

(iii) سبق 'سر اقبال مرحوم' ________ سے اقتباس ہے۔

الف۔ چند ہم عصر ب۔ گنج ہائے گراں مایہ ج۔ مضامین فرحت د۔ بزم خوش نفساں

(iv) قائداعظم محمد علی جناحؒ کی وفات کے بعد کس وزیراعظم نے دو قومی زبانوں کی تجویز پیش کی؟

الف۔ محمد علی بوگرا نے ب۔ لیاقت علی خاں نے ج۔ خواجہ ناظم الدین نے د۔ ذوالفقار علی بھٹو نے

(v) ڈراما 'اپنا اپنا راگ' کا سب سے مہذب کردار کون ہے؟

الف۔ بیگم غیاث ب۔ جلیل ج۔ رقیہ د۔ طلعت

(vi) نظم 'کرسی نامہ' کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ انور مسعود ب۔ سیّد ضمیر جعفری ج۔ نیاز سواتی د۔ جام درک

(vii) احسان دانش کا انتقال کس سال ہوا؟

الف۔ 1980ء ب۔ 1981ء ج۔ 1982ء د۔ 1983ء

(viii) سورۂ رحمٰن قرآن مجید کی سورہ نمبر ________ ہے۔

الف۔ 52 ب۔ 53 ج۔ 54 د۔ 55

(ix) مصرع مکمل کریں: "اس خطا پر سن رہا ہوں طعنہ ہائے ________"۔

الف۔ پاش پاش ب۔ برق پاش ج۔ دور باش د۔ دل خراش

(x) نظم 'اے نسیم بہشت' کا نثری ترجمہ ________ ادیب میر مٹھا خان مرحوم نے کیا ہے۔

الف۔ پنجابی ب۔ سندھی ج۔ بلوچی د۔ سرائیکی

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) تابش دہلوی کس صدی عیسوی کے اہم اُردو شاعر تھے؟

الف۔ سترہویں　ب۔ اٹھارویں　ج۔ انیسویں　د۔ بیسویں

(xii) اُردو شاعری کے آبرو کسے کہا گیا ہے؟

الف۔ نظم کو　ب۔ غزل کو　ج۔ قصیدہ کو　د۔ مرثیہ کو

(xiii) رخشِ ناز پر کون سوار ہوتا ہے؟

الف۔ عاشق　ب۔ معشوق　ج۔ رقیب　د۔ ناصح

(xiv) مصرع مکمل کریں: ''میرے کہسار کے لالے ہیں تہی ________''۔

الف۔ خام ابھی　ب۔ بام ابھی　ج۔ جام ابھی　د۔ دام ابھی

(xv) خواجہ میر دردؔ کی پیدائش کس سال ہوئی؟

الف۔ 1718ء　ب۔ 1719ء　ج۔ 1720ء　د۔ 1721ء

(xvi) میں اپنا فرض ادا کر چکا ہوں۔ اس جملے میں ''چکا'' ________ ہے۔

الف۔ اصل فعل　ب۔ امدادی فعل　ج۔ فعل ناقص　د۔ فعل امر

(xvii) حروف ________ کسی سبب کو ظاہر کرتے ہیں۔

الف۔ استدراک　ب۔ شرط　ج۔ علّت　د۔ بیانیہ

(xviii) استعجابیہ کی علامت کیا ہوتی ہے؟

الف۔ '' ''　ب۔ !　ج۔ ؛　د۔ :

(xix) کسی شخص کا اپنی سرگزشتِ زندگی اپنے ہاتھ سے لکھنا کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ رپورتاژ　ب۔ آپ بیتی　ج۔ روداد　د۔ جگ بیتی

(xx) خط لکھتے ہوئے ''خواہرِ عزیز'' کا لقب کس رشتے کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

الف۔ اجنبی کے لیے　ب۔ بہن کے لیے　ج۔ بھائی کے لیے　د۔ اُستاد کے لیے

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر : 20　حاصل کردہ نمبر: ______

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور حصہ سوم: 80

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) نظم ''یاایُّھاالمُزَّمِّل'' کے حوالے سے بتایئے کہ تلاشِ حق میں روما، حبش اور ایران سے کون کون آئے؟

(ii) وضاحت کیجیے: ''درمیانِ قعرِ دریا تختہ بندم کردہٗ باز میگوئی کہ دامن تر مکن، ہشیار باش''

(iii) نظم ''سورۂ رحمٰن'' کے حوالے سے حوروں کے اوصاف پر روشنی ڈالیے۔

(یا)

نظم ''آزادی'' کے حوالے سے بتایئے کہ شاعر نے قرآن اور آزادی میں موجود تعلق کو کس طرح بیان کیا ہے؟

(iv) حسرت نے 'زمیندار' کے دفتر میں رہنا کیوں چھوڑ دیا؟

(v) شاہ صاحب کا تعلیم یافتہ ہونا کن باتوں سے ثابت ہوتا ہے؟

(vi) فیثاغورث اور بطلیموس کون تھے؟

(یا)

مانجھے بٹھانے کی رسم پر روشنی ڈالیے۔

(vii) شاملِ نصاب فراقؔ گورکھپوری کی غزل نمبر۲ مشہور شاعر آتشؔ لکھنوی کی پیروی میں لکھی گئی ہے۔ آتشؔ کی غزل کا مطلع لکھیے۔

(viii) مژگاں کا ناوک سے کیا تعلق ہے؟

(ix) خواجہ میر دردؔ کی شاملِ نصاب دوسری غزل کے مقطع کا موضوع کیا ہے؟

(یا)

اگر مرزا غالبؔ کی شاملِ نصاب غزل درج ذیل شعر پر ختم ہوجاتی ہے تو کیا اس شعر کو مقطع کہا جاسکتا تھا؟ اگر ہاں تو کیوں اور اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

اسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا — جو دوئی کی بو بھی ہوتی، تو کہیں دوچار ہوتا

(x) **جانا - لینا - سکنا** کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) اُردو زباندانی میں رموزِ اوقاف کو کیا اہمیت حاصل ہے؟

(یا)

ندائیہ کی علامت عبارت میں کہاں استعمال ہوتی ہے؟ دو مثالیں دے کر واضح کریں۔

(xii) مطابقت کے اصول کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کرکے لکھیے:

الف۔ اِک ذرا شاخِ نشیمن کو جُھکی رہنے دو۔

ب۔ جلسے میں عورتیں بھی آئی ہوئیں تھیں۔

ج۔ ساز و سامان، دکانیں، زمین سب کچھ بک گئے۔

سوال نمبر۳: آپ اپنے کالج کی ہسٹاریکل سوسائٹی کے ساتھ لاہور کی تاریخی عمارات دیکھنے گئے تھے۔ اپنے والد کے نام خط لکھیے جس میں اس سیر کا بھی ذکر کیجیے۔ (8)

(یا)

ایک پھٹے پرانے کوٹ کی آپ بیتی لکھیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۴: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ آگے آگے دو خواجہ سرا، پیچھے پیچھے چند یتیم بچے اور بیوہ لاوارثیں۔ جگر غم سے داغ داغ اور زبانیں ضبط سے چاک چاک، دلوں میں آہیں مگر منہ سے دعائیں دیتی شاہزادے کے سامنے آئی اور کہا کہ اے فرزندِ اقبال بلند! اس چراغ سحری کی دعا لے اور باپ فتح مند کی سلامتی میں ان بیواؤں اور یتیموں کی جان بخشی کر۔

سعادت مند شاہزادہ انقلاب فلک کو دیکھ کر کانپ گیا اور دنیا کی بے وفائی آئینہ ہوگئی۔ بہت خاطر جمع کی اور اشارہ کیا کہ انہیں حرم سرا میں لے جاؤ۔

ب۔ اس شہر نے امریکہ کی لاج رکھ لی ہے یہ جتنا نیو یارک کی فضا سے دور ہوتا جاتا ہے۔ اتنا ہی انسانیت کے قریب تر آتا جاتا ہے۔ انسان کی طرح یہ بھی ایک وقت میں سب کچھ ہے۔ فراخ دل، یہودی صفت، حسین، غلیظ، روشن، تاریک، کبھی ہنگامہ خیز، کبھی خاموش۔ بیک وقت تخلیقی اور انحطاطی!

سوال نمبر۵: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔
دامنِ تاریکیٔ شب کی اڑاتی دھجیاں
قصرِ ظلمت پر مسلسل تیر برساتی ہوئی
زد میں کوئی چیز آجائے تو اس کو پیس کر
ارتقائے زندگی کے راز بتلاتی ہوئی

ب۔
کسی پیچاک میں صیقل کلہاڑا جگمگاتا ہے
کسی روزن سے اِک کالا سلیپر منہ کو آتا ہے
کھڑے ہیں بمعہ مینار آتش دان کو دیکھو
یہ قوم بے سروسامان کا سامان تو دیکھو

سوال نمبر۶: درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
ہوئے مر کے ہم جو رسوا ہوئے کیوں نہ غرقِ دریا
نہ کبھی جنازہ اٹھتا، نہ کہیں مزار ہوتا

ب۔
پھر کئی لوگ نظر سے گزرے
پھر کوئی شہرِ طرب یاد آیا

ج۔
گزر اوقات کرلیتا ہے یہ کوہ و بیاباں میں
کہ شاہیں کے لیے ذلّت ہے کارِ آشیاں بندی

د۔
کچھ ٹھوکریں تو کھا چمک اٹھیں گی منزلیں
پائے طلب کو فکرِ سلامت روی نہیں

ر۔
افق سے دیکھ کر رعنائیاں ہم خاک زادوں کی
زمیں بوسی کی کوشش چرخِ بے بنیاد کرتا ہے

سوال نمبر۷: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ فکرِ اقبال اور نئی نسل

ب۔ میرا پسندیدہ اُردو ناول

ج۔ طلبہ اور قومی تعمیر کے تقاضے

د۔ ہمارا نظامِ امتحانات

-----2HS 1103-----